© rasailojaraid.com



مطالعہ کی میز پر

# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

## حج و عمرہ کی آسانیاں

مصنف۔ پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ (صفحات 394) قیمت 320 روپے

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ 042-37351124

حج اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ایک ہے۔ جو استطاعت رکھنے والوں پر فرض ہے۔ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنا بڑی خوش نصیبی ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس اہم رکن اور عبادت کے لئے بیت اللہ کی طرف مبارک سفر کرتے ہیں۔ نبی علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے جو شخص اللہ کی رضا کے لئے حج کرے۔ اور فسق و فجور اور لغویات سے بچا رہے تو وہ حج سے اس طرح واپس لوٹے گا جس طرح وہ آج ہی پیدا ہوا ہے یعنی گناہوں سے پاک'' اس فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو اکثر لوگ نظر انداز کر دیتے ہیں اور وہ حج عمرہ کی ادائیگی میں اتنی مشکلات اور خود ساختہ طریقے' عبادات اور وظائف کا اہتمام کرتے ہیں کہ ایک سادہ آدمی کے لئے حج بیت اللہ کا مرحلہ ''پل صراط'' کو عبور کرنے سے بھی زیادہ مشکل دکھائی دیتا ہے۔۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب کو کہ انہوں نے حالات کی نزاکت کو ملحوظ رکھتے ہوئے ''حج و عمرہ کی آسانیاں'' کے نام سے قرآن وحدیث کے جواہر پاروں پر مشتمل نہایت آسان اور فکر انگیز کتاب لکھ کر شائع کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ کتاب حج بیت اللہ کے حصول کے لئے کوشاں ہر مرد و زن کے لئے ایک راہنما کی حیثیت رکھتی ہے۔ لائق مصنف نے حج و عمرہ سے متعلق کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا اور اس اہم عبادت کے ہر چھوٹے بڑے پہلو پر تفصیل سے گفتگو کی ہے اس کتاب کا ایک ایک لفظ قرآن وحدیث سے آراستہ ہے۔ ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ حج پر جانے سے پہلے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرے۔ کتاب ظاہر و معنوی حسن سے آراستہ ہے اور اس خوبصورت کتاب کی قیمت بھی بہت مناسب ہے۔

بقیہ: سفر آخرت کے راہی

ان کی وفات جماعت اہل حدیث ہند کے لئے بہت بڑا صدمہ ہے ادارہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد ڈاکٹر مقتدیٰ حسن الازہری کی وفات پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے آمین (ادارہ)



© rasailojaraid.com